نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے گلابی سنڈی کے تدارک کیلئے حکمت عملی جاری کر دی

جننگ فیکٹریوں، آئل فیکٹریوں، آئل ملوں اور اینٹوں کے بھٹوں میں موجود کپاس کے کچرے کی تلفی کو یقینی بنائیں، ترجمان محکمہ زراعت پنجاب

لاہور: 20 دسمبر 2022 (   ) ترجمان محکمہ زراعت نے کہا ہے کہ گلابی سنڈی کپاس کا انتہائی نقصان دہ کیڑا ہے جو کپاس کی فصل کے بعد اپنی زندگی کا دورانیہ کپاس کی باقیات پر مکمل کرتا ہے۔ گلابی سنڈی کے انسداد کا ایک موثر طریقہ سرمائی نیند سوئی سنڈیوں کی تلفی ہے۔ کپاس کی چھڑیوں کو کاٹ لیں اور بعد ازاں کھیت میں فوری طور پر چیزل ہل چلائیں تا کہ کھیت میں موجود گلابی سنڈی کے پیوپے اور سرمائی نیند سوئی ہوئی سنڈیاں تلف ہو جائیں گی اور پروانوں کے باہر نکلنے کا خطرہ مکمل طور پر ختم ہو جائے۔ کپاس کی کاٹی گئی چھڑیوں کو کھیتوں سے نکال کر چھوٹے چھوٹے گٹھے بنا کر عمودی حالت میں دھوپ میں اس طرح رکھیں کہ ان کے مُڈھ زمین کی جانب ہوں۔ کپاس کے بقیہ ان کھلے اور متاثرہ ٹینڈوں کی تلفی بھی یقینی بنائیں کیونکہ ایسے 80 فیصد ٹینڈوں میں سرمائی نیند سوئی ہوئی گلابی سنڈیاں موجود ہوتی ہیں۔ ترجمان نے مزید کہا کہ جننگ فیکٹریوں، آئل فیکٹریوں، آئل ملوں اور اینٹوں کے بھٹوں میں موجود کپاس کے کچرے کی تلفی کو ہر صورت یقینی بنائیں۔ کپاس کی چھڑیوں کو الٹ پلٹ کریں تا کہ دھوپ لگنے سے سرمئی نیند سوئی سنڈیاں پیوپا میں تبدیل ہو جائیں اور ان سے پروانے نکل کر مر جائیں۔ ذخیرہ شدہ کپاس کے بیج کو دھونی دیں تا کہ ان میں موجود سنڈیاں تلف ہو جائیں۔ چھڑیوں کے ڈھیروں، جننگ فیکٹریوں اور آئل ملوں میں ایک جنسی پھندہ ضرور لگائیں تا کہ کپاس کی آئندہ فصل گلابی سنڈی کے حملے سے محفوظ رہے۔

☆☆☆☆